ہمسفر میرج کونسلنگ سیل

# HUMSAFAR

## MARRIAGE COUNSELLING CELL

## MEDIA REFLECTIONS

## MARCH-2012

**Prepared By**
**Jenab Eishan Ahmad Dar**
**Media Consultant**
**Humsafar Marriage Counselling Cell**

# GREATER KASHMIR 01 MARCH 2012

## ہمسفر کا ریڈیو پروگرام

# والدین نے خوشی کے آنسو بہائے

مورخہ 24 فروری بروزِ جمعہ 2012ء کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے جو صبح کے 8:30 بجے ہمسفر مریج کونسلنگ سیل کا تازہ شمارہ نشر ہوا، جس میں جناب فیاض احمد زرو صاحب نے والدین کے ساتھ حسن سلوک کی اہمیت اور اُن کے دُعائے بد سے بچنے کی تاکید فرمائی۔ اُس کو سُن کر والدین نے خاص کر اُن بوڑھے والدین نے جن کو اپنے اولاد شادی کرنے کے بعد دغا کر گئی، انہوں نے خوشی کے آنسو بہائے۔ ہمارے والدین نے اِس پروگرام کو ایک بار پھر نشر کرنے کی گذارش کی۔ ہمارے والدین اور ہم اپنے طرف سے ہمسفر پروگرام کے پروڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپرہ صاحب کا ہمسفر جیسا مفید اور اصلاح معاشرہ کیلئے نفع بخش پروگرام تیار کرنے پر مرحبا اور مُبارک باد پیش کرتے ہیں۔

از طرف: ماسٹر محمد ازہر فاروق اور اُمامہ فاروق

دریش کدل صفا کدل سرینگر موبائل نمبر:9796713939

Greater Kashmir (01/03/2012)

# SRINAGAR TIMES 01 MARCH 2012

## ہمسفر میرج کونسلنگ سیل نے مجھے بہت فائدہ پہنچادیا

میرا نکاح اور شادی ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کے اصلاحی پروگرام کے تحت انجام پائی۔ نکاح مجلس جامع مسجد شریف وہیل شوپیان میں منعقد ہوئی۔ میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ سادہ شادی کرنے سے میرے پیسے ضائع نہ ہوئے اور مجھے ایسی نیک اور دیندار بیوی ملی، جو میرے حقوق ادا کرنے کے ساتھ ساتھ میرے والدین کی بھی خدمت کرتی ہے اور محلے کی لڑکیوں کو قرآن شریف بھی پڑھاتی ہے۔ جس سے ہماری ازدواجی زندگی پرسکون اور خوشحال بن گئی ہے۔ میری نکاح مجلس میں محمد الطاف ڈار صاحب ساکن راہ پورہ کھنڈوانی اسلام آباد نے باشندگان شوپیان کو تاکید کی کہ وہ شادی کے بے ہودہ رسومات پر اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ دولت کو خرچ نہ کریں، بلکہ اس دولت کو تعلیم و تربیت اور غریبوں محتاجوں کی ضروریات پوری کرنے میں خرچ کریں۔ کشمیر میں بے راہ روی کو کنٹرول کرنے کیلئے شادی کرنے کو سہل اور آسان بنانا ہے۔ کشمیر میں اس وقت ایسی ہزاروں بغیر شادی شدہ لڑکیاں موجود ہیں جن کی عمریں چالیس سال تک پہنچ گئی ہے۔ لہٰذا شادی کو سادہ طریقہ پر انجام دینے کیلئے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کے اصلاحی پروگرام کو اپنایا جائے۔ ریڈیو کشمیر سرینگر سے ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کا پروگرام نشر ہوتا ہے۔ جس میں چیرمین فیاض احمد زرو صاحب کی سبق آموز اور اصلاح معاشرہ کی باتیں ہوتی ہیں۔ اس کو ضرور سنا کریں۔ پروگرام سے فائدہ ہو رہا ہے۔ پروگرام کے پرڈیوسر سلیم اعجاز کپرہ صاحب کو ہم مبارک پیش کرتے ہیں جنہوں نے وادی کشمیر کے لوگوں کیلئے اتنا فائدہ مند پروگرام تیار کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر عطا کرے۔

حافظ عاشق حسین نگرو ولد معشوق احمد نیگرو ساکن آمنو کولگام کشمیر

Srinagar Times (01/03/2012)

**AFTAB 01 MARCH 2012**

Aftab (01/03/2012)

# ہمسفر میرج کونسلنگ سیل نے مجھے بہت فائدہ پہنچا دیا

## ہمسفر کے ریڈیو پروگرام سے ہمیں بہت نفع ملتا ہے: حافظ عاشق حسین نیگرو

کولگام: میرا نکاح اور شادی ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کے اصلاحی پروگرام کے تحت انجام پائی۔ نکاح مجلس جامع مسجد شریف وہیل شوپیان میں منعقد ہوئی۔ میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ ایک طرف مجھے سادہ شادی کرنے سے میرے لاکھوں روپے برباد ہونے سے بچ گئے اور دوسری طرف مجھے ایسی نیک اور دیندار بیوی ملی، جو میرے حقوق ادا کرنے کے ساتھ ساتھ میرے والدین کی بھی خدمت کرتی ہے، اور محلے کی لڑکیوں کو قرآن شریف بھی پڑھاتی ہے۔ جس نے ہماری ازدواجی زندگی پرسکون اور خوشحال بن گئی ہے۔ میری نکاح مجلس میں خطاب کرنے کے دوران محترم محمد الطاف ڈار صاحب ساکن راہ پورہ کھنڈونی اسلام آباد نے شوپیان کے باشندوں کو تاکید کی کہ وہ شادی کے بے ہودہ رسومات پر اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ دولت کو خرچ نہ کریں، بلکہ اس دولت کو تعلیم و تربیت اور غریبوں محتاجوں کی ضروریات پوری کرنے میں خرچ کریں۔ وادی کشمیر میں مغرب کی بیہودہ رسومات نے جگہ پکڑ لی ہے۔ جس سے بے راہ روی عام ہوئی ہے۔ اس کو کنٹرول کرنے کے لئے شادی کرنے کو سہل اور آسان بنانا ہے۔ کشمیر میں اس وقت ایسی ہزاروں لڑکیاں موجود ہیں جن کی عمریں چالیس سال تک ہوگئی ہیں مگر ان کی شادیاں نہیں ہو رہی ہیں۔ کیوں کہ شادی کرنا ایک بہت ہی مہنگا اور قیمتی معاملہ ہوگیا ہے۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ شادی کو سادہ طریقہ پر انجام دیا جائے۔ جس کے لئے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کے اصلاحی پروگرام کو اپنایا جائے۔ ریڈیو کشمیر سرینگر سے ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کا جو پروگرام نشر ہوتا ہے۔ جس میں اس عظیم ادارے کے چیرمین محترم فیاض احمد زرو صاحب کی سبق آموز اور اصلاح معاشرہ کی باتیں ہوتی ہیں۔ اس کو ضرور سنا کریں۔ کیوں اس کے سننے سے یہاں شوپیان، کولگام اور اس سے ملحقہ علاقوں کے لوگوں کو بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ اس پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپرہ صاحب کو ہم بہت مبارک اور شکریہ پیش کرتے ہیں جنہوں نے وادی کشمیر کے لوگوں کے لئے اتنا فائدہ مند پروگرام تیار کیا ہے۔ رب کریم ان کو جزائے خیر عطا کرے، آمین۔

منجانب: حافظ عاشق حسین نیگرو ولد معشوق احمد نیگرو ساکن آمنو کولگام کشمیر۔

# KASHMIR UZMA 01 MARCH 2012

Kashmir Uzma (01/03/2012)

## ہمسفر میرج کونسلنگ سیل نے مجھے بہت فائدہ پہنچا دیا

### ہمسفر کے ریڈیو پروگرام سے ہمیں بہت نفع ملتا ہے: حافظ عاشق حسین نیگرو

کولگام: میرا نکاح اور شادی ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کے اصلاحی پروگرام کے تحت انجام پائی۔ نکاح مجلس مسجد شریف وھیل شوپیان میں منعقد ہوئی۔ میں اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ایک طرف مجھے سادہ شادی کرنے سے میرے لاکھوں روپے برباد ہونے سے بچ گئے اور دوسری طرف مجھے ایسی نیک اور دیندار بیوی ملی، جو میرے حقوق ادا کرنے کے ساتھ ساتھ میرے والدین کی بھی خدمت کرتی ہے۔ اور محلے کی لڑکیوں کو قرآن شریف بھی پڑھاتی ہے۔ جس سے ہماری ازدواجی زندگی پُرسکون اور خوشحال بن گئی ہے۔ میری نکاح مجلس میں خطاب کرنے کے دوران محترم محمد الطاف ڈار صاحب ساکنہ راہ پورہ کھنڈونی اسلام آباد نے شوپیان کے باشندوں کو تاکید کی کہ وہ شادی کے بے ہودہ رسومات پر اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ دولت کو خرچ نہ کریں۔ بلکہ اس دولت کو تعلیم وتربیت اور غریبوں محتاجوں کی ضروریات پوری کرنے میں خرچ کریں۔ وادی کشمیر میں مغرب کی بیہودہ رسومات نے جگہ پکڑلی ہے۔ جس سے بے راہ روی عام ہوئی ہے۔ اس کو کنٹرول کرنے کے لئے شادی کرنے کو سہل اور آسان بنانا ہے۔ کشمیر میں اس وقت ایسی ہزاروں لڑکیاں موجود ہیں جن کی عمریں چالیس سال تک ہوگئی ہیں مگر ان کی شادیاں نہیں ہورہی ہیں۔ کیونکہ شادی کرنا ایک بہت ہی مہنگا اور قیمتی معاملہ ہوگیا ہے۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ شادی کو سادہ طریقہ پر انجام دیا جائے۔ جس کے لئے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کے اصلاحی پروگرام کو اپنایا جائے۔ ریڈیو کشمیر سرینگر سے ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کا جو پروگرام نشر ہوتا ہے۔ جس میں اس عظیم ادارے کے چیرمین محترم فیاض احمد زرو صاحب کی سبق آموز اور اصلاحی معاشرہ کی باتیں ہوتی ہیں۔ اس کو ضرور سنا کریں۔ کیوں اس کے سننے سے یہاں شوپیان، کولگام اور اس سے ملحقہ علاقوں کے لوگوں کو بہت فائدہ ہورہا ہے۔ اس پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپرہ صاحب کو ہم بہت مبارک اور شکریہ پیش کرتے ہیں۔ جنہوں نے وادی کشمیر کے لوگوں کے لئے اتنا فائدہ مند پروگرام تیار کیا ہے۔ رب کریم ان کو جزائے خیر عطا کرے آمین۔

منجانب: حافظ عاشق حسین نیگرو ولد معشوق احمد نیگرو
ساکنہ آمنو کولگام کشمیر

**AFTAB 14 MARCH 2012**

# ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے شاندار کام نے متاثر کردیا

## جنوبی افریقہ سے کشمیر آئے ہوئے مہمانوں کے تاثرات

شروع کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان اور بہت ہی رحم کرنے والا ہے۔ دعوت و تبلیغ کا کام انجام دینے کی غرض سے جماعت کے ساتھ مارچ 2012ء کو کشمیر آنا ہوا۔ یہاں کشمیر میں قائم ایک انوکھے ادارے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل واقع کاک سرائے سرینگر کی شاندار کارکردگی سن کر ہم بہت متاثر ہوئے۔ الحمدللہ کہ ہمسفر ادارہ سنت کے مطابق کام کررہا ہے۔ اور ہم جانتے ہیں کہ کامیابی حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مبارک کے طریقے میں ہی ہے۔ ادارہ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کشمیر میں بہت ہی شاندار اور بہت ہی مفید کام انجام دے رہا ہے۔ اس ادارے نے آج تک ہزاروں مسلمان جوڑوں کے نکاح اور شادیاں سنت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام دی ہیں۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہمسفر ادارے سے وابستہ حضرات کو ثابت قدم رکھے، اور اس ادارے کے کام کو قبول فرمائے۔ ہم اس ادارے کے محترم ڈائریکٹر صاحب جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کو ہمسفر جیسا انوکھا ادارہ قائم کرنے پر اور سنت کے مطابق سادہ شادیوں کی ایک بہت بڑی تعداد انجام دینے جیسی عظیم کامیابی حاصل کرنے پر مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ نیز ریڈیو کشمیر سرینگر پر ہر ہفتے اصلاح معاشرہ کے لئے ہمسفر جیسا مفید پروگرام پیش کرنے پر مرحبا کرتے ہیں۔ آخر پر ہم عالمی سطح پر تمام مسلمانوں کو بذریعہ اخبار اپیل کرتے ہیں کہ وہ کشمیر میں قائم ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سے سبق حاصل کرکے اسی طرح کا کام انجام دینے والے ادارے اپنے اپنے علاقوں میں قائم کریں، کیوں کہ اس طرح کرنے سے ان کو جو بہت سا روپیہ ضائع ہونے سے بچ جائے گا وہ اللہ تعالیٰ کے دین کی اشاعت کے لئے خرچ کریں گے، جس پر آخرت میں ان کو اللہ تعالیٰ بہترین انعام سے نوازے گا۔

منجانب: حافظ محمود حسن قاسم ولدیت: مرحوم مفتی سلیمان قاسم اور ڈاکٹر محمد مسیح اللہ پٹیل

سکونت: جوہانس برگ جنوبی افریقہ

AfTab

(14/03/2012)

# KASHMIR UZMA 14 MARCH 2012

## ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے شاندار کام نے متاثر کردیا

# جنوبی افریقہ سے کشمیر آئے ہوئے مہمانوں کے تاثرات

شروع کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان اور بہت ہی رحم کرنے والا ہے۔ دعوت وتبلیغ کا کام انجام دینے کی غرض سے جماعت کے ساتھ مارچ 2012ء کو کشمیر آنا ہوا۔ یہاں کشمیر میں قائم ایک انوکھے ادارے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل واقع کاک سرائے سرینگر کی شاندار کارکردگی سن کر ہم بہت متاثر ہوئے۔ الحمدللہ کہ ہمسفر ادارہ سنت کے مطابق کام کررہاہے۔ اور ہم جانتے ہیں کہ کامیابی حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مبارک کے طریقے میں ہی ہے۔

ادارہ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کشمیر میں بہت ہی شانداراور بہت ہی مفید کام انجام دے رہاہے۔ اس ادارے نے آج تک ہزاروں مسلمان جوڑوں کے نکاح اور شادیاں سنت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام دی ہیں۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہمسفر ادارے سے وابستہ حضرات کو ثابت قدم رکھے، اور اس ادارے کے کام کو قبول فرمائے۔

ہم اس ادارے کے محترم ڈائریکٹر صاحب جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کو ہمسفر جیسا انوکھا ادارہ قائم کرنے پر اور سنت کے مطابق سادہ شادیوں کی ایک بہت بڑی تعداد انجام دینے جیسی عظیم کامیابی حاصل کرنے پر مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ نیز ریڈیو کشمیر سرینگر پر ہر ہفتے اصلاح معاشرہ کے لئے ہمسفر جیسا مفید پروگرام پیش کرنے پر مرحبا کرتے ہیں۔

آخر پر ہم عالمی سطح پر تمام مسلمانوں کو بذریعہ اخبار اپیل کرتے ہیں کہ وہ کشمیر میں قائم ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سے سبق حاصل کرکے اسی طرح کا کام انجام دینے والے ادارے اپنے اپنے علاقوں میں قائم کریں، کیوں کہ اس طرح کرنے سے ان کو جو بہت سارو پیہ ضائع ہونے سے بچ جائے گا وہ اللہ تعالیٰ کے دین کی اشاعت کے لئے خرچ کریں گے، جس پر آخرت میں ان کو اللہ تعالیٰ بہترین انعام سے نوازے گا۔

Kashmir Uzma (14/03/2012)

منجانب: حافظ محمود حسن قاسم ولدیت: مرحوم مفتی سلیمان قاسم اور ڈاکٹر محمد مسیح اللہ پٹیل سکونت: جوہانس برگ جنوبی افریقہ

# SRINAGAR TIMES 14 MARCH 2012

## ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے شاندار کام نے متاثر کردیا

## جنوبی افریقہ سے کشمیر آئے ہوئے مہمانوں کے تاثرات

شروع کرتے ہیں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور بہت ہی رحم کرنے والا ہے۔ دعوت وتبلیغ کا کام انجام دینے کی غرض سے جماعت کے ساتھ مارچ ۲۰۱۲ء کو کشمیر آنا ہوا۔ یہاں کشمیر میں قائم ایک انوکھے ادارے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل واقع کاک سرائے سرینگر کی شاندار کارکردگی سن کر ہم بہت متاثر ہوئے۔ الحمدُ للہ کہ ہمسفر ادارہ سنت کے مطابق کام کررہا ہے اور ہم جانتے ہیں کہ کامیابی حضرت نبی کریم ﷺ مبارک کے طریقے میں ہی ہے۔ ادارہ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کشمیر میں بہت ہی شاندار اور بہت ہی مفید کام انجام دے رہا ہے۔ اس ادارے نے آج تک ہزاروں مسلمان جوڑوں کے نکاح اور شادیاں سنت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام دی ہیں۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہمسفر ادارے سے وابستہ حضرات کو ثابت قدم رکھے اور اس ادارے کے کام کو قبول فرمائے۔ ہم اس ادارے کے ڈائریکٹر فیاض احمد زرو کو ہمسفر جیسا انوکھا ادارہ قائم کرنے پر اور سنت کے مطابق سادہ شادیوں کی ایک بہت بڑی تعداد انجام دینے جیسی عظیم کامیابی حاصل کرنے پر مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ نیز ریڈیو کشمیر سرینگر پر ہر ہفتے اصلاح معاشرہ کے لئے ہمسفر جیسا مفید پروگرام پیش کرنے پر مرحبا کرتے ہیں۔ آخر پر ہم عالمی سطح پر تمام مسلمانوں کو بذریعہ اخبار اپیل کرتے ہیں کہ وہ کشمیر میں قائم ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سے سبق حاصل کرکے اسی طرح کا کام انجام دینے والے ادارے کو اپنے اپنے علاقوں میں قائم کریں کیونکہ اس طرح کرنے سے ان کو جو بہت سارو پیہ ضائع ہونے سے بچ جائے گا وہ اللہ تعالیٰ کے دین کی اشاعت کے لئے خرچ کریں گے جس پر آخرت میں ان کو اللہ تعالیٰ بہترین انعام سے نوازے گا۔

منجانب: حافظ محمود حسن قاسم ولدیت مرحوم مفتی سلیمان قاسم اور ڈاکٹر محمد مسیح اللہ پٹیل سکونت جوہانس برگ جنوبی افریقہ

(Srinagar Times
14/03/2012)

**GREATER KASHMIR 15 MARCH 2012**

# AFRICAN MUSLIMS COMPLIMENT

# HUMSAFAR

With the name of Allah Subhanahu wata aala, the most beneficial, the most merciful.

We visited the Kashmir valley in connection with the work of Da 'wah & Tabligh in March-2012. We were very impressed by the reformative work, of Humsafar Marriage Counselling Cell (HMCC) Kak-Sarai Srinagar Kashmir. During our short stay in Kashmir, we visited the office of HMCC Kak-Sarai Srinagar.

*Alhamdu-lillah*, we are blessed to have such institution today that is based strictly on the way of Sunnah, as we know that the best and only way of success is in following the blessed way of our beloved Nabi Akram *Sallallahu Alaihi Wasallam.*

HMCC is really doing a marvelous job and has performed arranged marriages of thousands of Muslim couples in accordance with the Islamic Shari'ah austerely. We hope and pray to our Almighty Allah *Subhanahu wata aala,* to keep them steadfast and to use this institute for the correct purpose.

We Would like to congratulate and thank its esteemed Director, Jenab Fayyaz Ahmad Zarroo Sahib, for his marvelous achievements for establishing this wonderful institution. We also hail the weekly reformative programme *Humsafar* being broadcast on Radio Kashmir Srinagar on every Friday at 8:30 A.M. According to our Kashmiri Muslim brethren, the Humsafar radio programme (produced by Mr. Saleem Aijaz Kapra Sahib) is top of the ratings as it discusses all the important issues of marital life lucidly and more effectively.

Lastly, we appeal to the Muslim community globally to take a lesson from the HMCC of the Kashmir valley and do likewise in their localities. And by doing so, they will be benefited in this world by saving money and then utilizing the same for Allah's *Deen,* and also, they will be rewarded by Almighty Allah *in Aakhirah.* Greater Kashmir (15/03/2012)

**From: (1) Hafiz Mahmbood Hasan Qasim S/O Late Mufti Sulaiman Qasim**

**(2) Dr. Muhammad Maseehullah Patail R/O Johannesburg, South Africa**

**RISING KASHMIR 15 MARCH 2012**

# AFRICAN MUSLIMS COMPLIMENT HUMSAFAR

With the name of Allah Subhanahu wata aala, the most beneficial, the most merciful.

We visited the Kashmir valley in connection with the work of Da'wah & Tabligh in March-2012. We were very impressed by the reformative work of Humsafar Marriage Counselling Cell (HMCC) Kak-Sarai Srinagar Kashmir. During our short stay in Kashmir, we visited the office of HMCC Kak-Sarai Srinagar.

Alhamdu-lillah, we are blessed to have such institution today that is based strictly on the way of Sunnah, as we know that the best and only way of success is in following the blessed way of our beloved Nabi Akram Sallallahu Alaihi Wasallam.

HMCC is really doing a marvelous job and has performed arranged marriages of thousands of Muslim couples in accordance with the Islamic Shari'ah austerely. We hope and pray to our Almighty Allah Subhanahu wata aala, to keep them steadfast and to use this institute for the correct purpose.

We would like to congratulate and thank its esteemed director, Jenab Fayyaz Ahmad Zarroo Sahib, for his marvelous achievements for establishing this wonderful institution. We also hail the weekly reformative programme Humsafar being broadcast on Radio Kashmir Srinagar on every Friday at 8:30 A.M. According to our Kashmiri Muslim brethren, the Humsafar radio programme (produced by Mr. Saleem Aijaz Kapra Sahib) is top of the ratings as it discusses all the important issues of marital life lucidly and more effectively.

Lastly, we appeal to the Muslim community globally to take a lesson from the HMCC of the Kashmir valley and do likewise in their localities. And by doing so, they will be benefited in this world by saving money and then utilizing the same for Allah's Deen, and also, they will be rewarded by Almighty Allah in Aakhirah.

***From:*** ***(1) Hafiz Mahmood Hasan Qasim***
***S/O Late Mufti Sulaiman Qasim***
***(2) Dr. Muhammad Maseehullah Patail***
***R/O Johannesburg South Africa***

Rising Kashmir (15/03/2012)

**GREATER KASHMIR 16 MARCH 2012**

# ہمسفر کے ریڈیو پروگرام سے

## دِل و دِماغ کو سُکون ملتا ہے

ہمارے گھریلو مسائل اور سماجی مسائل کے بارے میں جس طرح ہمسفر ریڈیو پرگرام میں اِصلاحی بات چیت کی جاتی ہے اور ہمارے مسائل اور پریشانیوں کا آسان حل جو اِس ریڈیو پرگرام میں بیان کیا جاتا ہے۔ اُس کے سُننے سے دِل کو راحت اور دِماغ کو بہت سُکون ملتا ہے۔ اور ہم مَرد حضرات کا رویہ اپنے خواتین کے ساتھ ہمسفر ریڈیو پرگرام کی بدولت اور برکت سے بہتر سے بہتر ہوتا جارہا ہے۔

ہم جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کی آواز سُنے کو ریڈیو کشمیر سرینگر پر ہر جُمعہ کو صُبح کے ساڑھے آٹھ بجے تک بے قراری کے ساتھ اِنتظار کرتے ہیں۔

اِس ریڈیو پرگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اِعجاز کپرہ صاحب کا اور میزبان جناب رشید نظامی صاحب کا اِتنا شاندار، مفید اور دلچسپ پرگرام پیش کرنے پر اُن کو مُبارک باد اور شکریہ ادا کرتے ہیں۔


از طرف: غلام محمد کمہار اور شوکت احمد کمہار (ہارون کشمیر)

فون نمبر:9419908095


Greater Kashmir
(16/03/2012)

# SRINAGAR TIMES 20 MARCH 2012

# مسجد حنفیہ باغ سندر پائین میدان پورہ میں نکاح مجلس کا انعقاد

## ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کی سادہ تقاریب منا کر کارِ خیر انجام دینے کی لوگوں نے سراہنا کی

سرینگر/ مسجد حنفیہ باغ سندر پائین میدان پورہ چھتہ بل سرینگر میں ایک نکاح مجلس کا انعقاد ہوا۔ مسجد حنفیہ اور مجلس اسلامیہ باغ سندر پائین میدان پورہ کے صدر ڈاکٹر محمد یوسف بٹ نے استقبالیہ پڑھا۔ انہوں نے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے چیرمین اُستاذ فیاض احمد زرو کو نکاح مجلس شروع کرنے کی دعوت دی۔ محترم اُستاذ صاحب نے تمہیدی کلمات اور درود وسلام بحضور سرورِ کائنات ﷺ پڑھنے کے بعد نکاح کرنے کو سہل اور آسان بنانے کی ضرورت پر مختصر بیان فرمایا، اور ساتھ ہی شادیوں میں فضول خرچی، بُری رسومات اور دکھاوا کرنے کے نقصانات اور گناہوں سے لوگوں کو خبردار کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ نکاح اور شادی کو سنت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام دینے کیلئے جو ہمسفر کا اصلاحی پروگرام پوری کشمیر وادی میں جاری ہے، اس کو اپنانے کیلئے اب بہت سے لوگ، والدین اور نوجوان آمادہ ہو رہے ہیں۔ اُستاذ فیاض احمد زرو نے نکاح کا ایجاب وقبول کرادیا۔ یہ نکاح مظفر احمد وانی فرزند مرحوم محمد صدیق وانی ساکن باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر کا عفراء صاحبہ دختر عبدالرزاق گنائی ساکنہ باغ سندر پائین میدان پورہ چھتہ بل سرینگر کے ساتھ پڑھا گیا۔ دولہا نے پورا مہر نکاح مجلس میں ہی ادا کردیا۔ اُستاذ صاحب محلہ باغ سندر پائین میدان پورہ کے باشندوں کیلئے خصوصی خیر وبرکت کی دعا فرمائی۔ حاضرین مجلس میں مٹھائی تقسیم کی گئی، سادہ قہوہ سے سب کی خاطر تواضع کی گئی۔ سادہ نکاح مجلس کے بعد لوگوں نے پکا ارادہ کیا کہ وہ اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں کسی بھی فضول خرچی دکھاوا، ناچ ونغمہ اور ہر بری رسم کے بغیر پاک وصاف طریقہ پر انجام دیں گے۔ نوجوانوں نے عہد کیا کہ وہ اپنی شادیوں میں لڑکی والوں کے ہاں بارات لے کر نہیں جائیں گے، اور نا ہی لڑکی والوں سے تحفہ اور گفٹ کے نام پر کسی قسم کا جہیز لیں گے۔ لوگوں نے اس سادہ طریقہ کو بہت سراہا۔ نکاح مجلس میں اور لوگوں کے علاوہ علاقہ کے ان حضرات نے شرکت کی۔ عبدالمجید بٹ، گلزار احمد چرالو صاحب، ارشد صاحب، شوکت احمد صوفی، (ایڈوکیٹ)، اشفاق احمد شاہ صاحب، مشتاق احمد وانی، عرفان احمد شاہ، حاجی عبدالعزیز ڈار، شوکت احمد وانی، عبدالعزیز وانی، تنویر احمد شیخ، محمد سعید، محمد اقبال بابا، محمد رفیق بابا، نذیر احمد وانی۔ انہوں نے اپنی طرف سے دولہا مظفر احمد وانی اور اُن کی اہلیہ ودولہن محترمہ عفراء صاحبہ اور ان دونوں کے والدین اور دیگر اقارب کو سادہ طریقہ پر نکاح انجام دینے پر مبارک باد پیش کی۔ اور ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کا بہت بہت شکریہ ادا کیا۔ جس کا ریڈیو پروگرام (ہمسفر کا ریڈیو پروگرام ہر جمعہ کو ساڑھے آٹھ بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر ہوتا ہے۔ پروگرام کے پرڈیوسر سلیم اعجاز کپرہ صاحب ہیں) مجلس میں ان حضرات نے بھی شرکت کی۔ ایشان احمد ڈار، محمد ذیشان چنگا، عکاشہ حقانی، محمد ازہر، یاسر الطاف شیخ، عمیر شوکت وانی، نعمان فیاض بٹ وغیرہ۔ چھتہ بل سرینگر۔

Srinagar Times (20/03/2012)

# KASHMIR UZMA 20 MARCH 2012



(20/03/2012)

## مسجد حنفیہ باغ سندر پائین میدان پورہ میں مجلس نکاح کا انعقاد

### ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کا بہت بہت شکریہ

مؤرخہ 18، مارچ اتوار 2012ء کو مسجد حنفیہ باغ سندر پائین میدان پورہ چھتہ بل سرینگر میں ایک نکاح مجلس کا انعقاد ہوا۔ مجلس کا آغاز نماز ظہر ادا کرنے کے فوراً بعد دن کے 1:30 بجے کیا گیا۔ سب سے پہلے مسجد حنفیہ اور مجلس اسلامیہ باغ سندر پائین میدان پورہ کے صدر جناب ڈاکٹر محمد یوسف بٹ صاحب نے استقبالیہ کلمات بیان فرمائے۔ اس کے بعد انہوں نے ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کے چیرمین جناب محترم اُستاذ فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کو بہت ہی عزت و احترام کے ساتھ نکاح مجلس شروع کرنے کی پُروقار دعوت دی۔ جناب محترم اُستاذ صاحب نے تمہیدی کلمات اور دُرُود و سلام بحضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم پڑھنے کے بعد نکاح کرنے کو سہل اور آسان بنانے کی ضرورت پر مختصر بیان فرمایا، اور ساتھ ہی شادیوں میں فضول خرچی، بُری رسومات اور دکھاوا کرنے کے نقصانات اور گناہوں سے لوگوں کو خبردار کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ نکاح اور شادی کو سنت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام دینے کے لئے جو ہمسفر کا اصلاحی پروگرام پوری کشمیر وادی میں جاری ہے، اس کو اپنانے کے لئے اب بہت سے لوگ، والدین اور نوجوان آمادہ ہو رہے ہیں۔ اس کے بعد جناب محترم اُستاذ فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے نکاح کا ایجاب وقبول کرادیا۔ یہ نکاح جناب مظفر احمد وانی صاحب فرزند مرحوم محمد صدیق وانی صاحب ساکن باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر کا محترمہ عُفراء صاحبہ دُختر جناب عبدالرزاق گنائی صاحب ساکنہ باغ سندر پائین میدان پورہ چھتہ بل سرینگر کے ساتھ پڑھا گیا۔ دولہا نے پورا مہر نکاح مجلس میں ہی ادا کردیا۔ اس کے بعد دعا ہوئی۔ جس میں محترم اُستاذ صاحب نے اور دعاؤں کے علاوہ محلہ باغ سندر پائین میدان پورہ کے باشندوں کے لئے بھی خصوصی خیر و برکت کی دعا فرمائی۔ حاضرین مجلس میں مٹھائی تقسیم کی گئی، سادہ قہوہ کی ایک ایک پیالی سے سب کی خاطر تواضع کی گئی۔ اس سادہ نکاح مجلس کے بہت اچھے اثرات لوگوں پر پڑے، جنہوں نے پکا ارادہ کیا کہ وہ اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں کسی بھی فضول خرچی، دکھاوا، ناچ و نغمہ اور ہر بُری رسم کے بغیر پاک و صاف طریقہ پر انجام دیں گے۔ نوجوانوں نے عہد کیا کہ وہ اپنی شادیوں میں لڑکی والوں کے ہاں بارات لے کر نہیں جائیں گے، اور نا ہی لڑکی والوں سے تحفہ اور گفٹ کے نام پر کسی قسم کا جہیز لیں گے۔ اس بابرکت نکاح مجلس سے پورے محلے میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور لوگوں نے اس سادہ طریقہ کو بہت سراہا، اور محترم اُستاذ صاحب کو بہت نیک دعائیں دیں۔ اس نکاح مجلس میں اور لوگوں کے علاوہ علاقہ کے جن ممتاز حضرات نے شرکت کی اُن کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔ جناب عبدالمجید بٹ صاحب، جناب گلزار احمد چرالو صاحب، جناب ارشد صاحب، جناب شوکت احمد صوفی صاحب (ایڈوکیٹ)، جناب اشفاق احمد شاہ صاحب، جناب مشتاق احمد وانی صاحب، جناب عرفان احمد شاہ صاحب، حاجی عبدالعزیز ڈار صاحب، جناب شوکت احمد وانی صاحب، جناب عبدالعزیز وانی صاحب، جناب تنویر احمد شیخ صاحب، جناب حیات صاحب، جناب محمد سعید صاحب، جناب محمد اقبال بابا صاحب، جناب محمد رفیق بابا صاحب، جناب نذیر احمد وانی صاحب ہم اپنی طرف سے دولہا جناب مظفر احمد وانی صاحب اور اُن کی اہلیہ و دولہن ہماری دینی ہمشیرہ محترمہ عُفراء صاحبہ اور ان دونوں کے والدین اور دیگر اقارب کو سادہ طریقہ پر نکاح انجام دینے پر مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ اور ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کا بہت بہت شکریہ ادا کرتے ہیں، جس کے اصلاحی کام سے پوری وادی میں بُری رسومات، بدعات اور اِسراف و فضول خرچی کے ساتھ لوگ اب نفرت کرنے لگے ہیں۔ اور جس کے ریڈیو پروگرام سے (ہمسفر کا ریڈیو پروگرام ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر ہوتا ہے۔ پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپرہ صاحب ہیں) گھر گھر کے معاملات اور مسائل حل ہونے لگے ہیں، اور گھریلو زندگیوں میں سدھار آنا شروع ہوگیا ہے۔

منجانب: ایشان احمد ڈار، محمد ذیشان چنگا، عکاشہ حقانی، محمد ازہر، یاسر الطاف شیخ، عمیر شوکت وانی، نعمان فیاض بٹ وغیرہ۔ چھتہ بل سرینگر۔

**AFTAB 21 MARCH 2012**

## مسجد حنفیہ باغ سندر پائین میدان پورہ میں نکاح مجلس کا انعقاد

# ھمسفر میریج کونسلنگ سیل کے شکر گذار

سرینگر/ ۱۸ مارچ ۲۰۱۲ کو مسجد حنفیہ باغ سندر پائین میدان پورہ چھتہ بل سرینگر میں ایک نکاح مجلس کا انعقاد ہوا۔ مجلس کا آغاز نماز ظہر ادا کرنے کے فوراً بعد دن کے ڈیڑھ بجے کیا گیا۔ سب سے پہلے مسجد حنفیہ اور مجلس اسلامیہ باغ سندر پائین میدان پورہ کے صدر ڈاکٹر محمد یوسف بٹ نے استقبالیہ کلمات بیان فرمائے۔ اس کے بعد انہوں نے ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کے چیئر مین محترم اُستاد فیاض احمد زرو دامت برکاتہم کو بہت ہی عزت واحترام کے ساتھ نکاح مجلس شروع کرنے کی پُر وقار دعوت دی۔ محترم استاد صاحب نے تمہیدی کلمات اور درود و سلام بحضور سرور کائنات ﷺ پڑھنے کے بعد نکاح کرنے کو سہل اور آسان بنانے کی ضرورت پر مختصر بیان فرمایا اور ساتھ ہی شادیوں میں فضول خرچی، بُری رسومات اور دکھاوا کرنے کے نقصانات اور گناہوں سے لوگوں کو خبردار کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ نکاح اور شادی کو سنت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام دینے کیلئے جو ہمسفر کا اصلاحی پروگرام پوری کشمیر میں جاری ہے اس کو اپنانے کیلئے اب بہت سے لوگ، والدین اور نوجوان آمادہ ہو رہے ہیں۔ اس کے بعد استاذ فیاض احمد زرو دامت برکاتہم نے نکاح کا ایجاب وقبول کرایا۔ یہ نکاح مظفر احمد وانی فرزند مرحوم محمد صدیق وانی ساکن باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر کا عفراء صاحبہ دختر عبدالرزاق گنائی ساکنہ باغ سندر پائین میدان پورہ چھتہ بل سرینگر کے ساتھ پڑھا گیا۔ دولہا نے پورا مہر نکاح مجلس میں ہی ادا کر دیا۔ اس کے بعد دعا ہوئی جس میں محترم اساذ نے اور دعاؤں کے علاوہ محلّہ باغ سندر پائین میدان پورہ کے باشندوں کے لئے بھی خصوصی خیر وبرکت کی دعا فرمائی۔ حاضرین مجلس میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ سادہ قہوہ کی ایک ایک پیالی سے سب کی خاطر تواضع کی گئی۔ اس سادہ نکاح مجلس کے بہت اچھے اثرات لوگوں پر پڑے، جنہوں نے پکا ارادہ کیا کہ وہ اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں کسی بھی فضول خرچی، دکھاوا، ناچ ونغمہ اور ہر بُری رسم کے بغیر پاک وصاف طریقہ پر انجام دینگے۔ نوجوانوں نے عہد کیا کہ وہ اپنی شادیوں میں لڑکی والوں کے ہاں بارات لے کر نہیں جائیں گے اور نا ہی لڑکی والوں سے تحفہ اور گفٹ کے نام پر کسی قسم کا جہیز لیں گے۔ اس بابرکت نکاح مجلس سے پورے محلے میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور لوگون نے اس سادہ طریقہ کو بہت سراہا اور محترم استاذ صاحب کو بہت نیک دعائیں دیں۔ اس نکاح مجلس میں اور لوگوں کے علاوہ علاقہ کے جن ممتاز حضرات نے شرکت کی اُن کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔ عبدالمجید بٹ، گلزار احمد چرالو، ارشد صاحب، شوکت احمد صوفی ( ایڈوکیٹ )، اشفاق احمد شاہ، مشتاق احمد وانی، عرفان احمد شاہ، حاجی عبدالعزیز ڈار، شوکت احمد وانی، عبدالعزیز وانی، تنویر احمد شیخ، حیات صاحب، محمد سعید، محمد اقبال بابا، محمد رفیق بابا، نذیر احمد وانی شامل ہیں۔ ہم اپنی طرف سے دولہا مظفر احمد وانی اور اُن کی اہلیہ ودولہن ہماری دینی ہمشیرہ عفراء صاحبہ اور ان دونوں کے والدین اور دیگر اقارب کو سادہ طریقہ پر نکاح انجام دینے پر مبارک باد پیش کرتے ہیں اور ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کا بہت بہت شکریہ ادا کرتے ہیں جس کے اصلاحی کام سے پوری وادی میں بُری رسومات، بدعات اور اسراف وفضول خرچی کے ساتھ لوگ اب نفرت کرنے لگے ہیں اور جس کے ریڈیو پروگرام سے (ہمسفر کا ریڈیو پروگرام ہر جمعہ کو صبح کے ساڑھے ۸ بجے ریڈیو کشمیر سرینگر سے نشر ہوتا ہے۔ پروگرام کے پرڈیوسر سلیم اعجاز کیرہ ہیں) گھر گھر کے معاملات اور مسائل حل ہونے لگے ہیں اور گھریلو زندگیوں میں سدھار آنا شروع ہو گیا ہے۔

منجانب: ایشان احمد ڈار، محمد ذیشان چنگا، عکاشہ حقانی، محمد اظہر، یاسر الطاف شیخ، عمیر شوکت وانی، نعمان بٹ وغیرہ چھتہ بل سرینگر

Aftab (21|03|2012)

**SRINAGAR TIMES 27 MARCH 2012**

# ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کی نیو کالونی نگین میں نکاح مجلس منعقد

## والدین سے اپنے بچوں کو شادی سے پہلے ازدواجی زندگی کے آداب سکھانے کی تاکید

سرینگر/ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کی طرف سے مسجد مدینہ واقع مرزا باغ نیو کالونی نگین سرینگر میں ایک نکاح مجلس کا انعقاد کیا گیا۔ مجلس میں ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کے چیرمین فیاض احمد زرو نے فرمایا کہ مسلمانوں کے نکاح اور شادیاں شریعت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام دینے کے لئے والدین اور نوجوانوں کو آمادہ کرنے میں جو کام ہمسفر میرج سیل انجام دے رہی ہے، اس سے شادیوں میں اِسراف ، دِکھاوا، بُری رسومات، فضول خرچی اور ناجائز لین دین کرنے میں اکثر لوگ اب مکمل پرہیز کرنے لگے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں بُری رسومات پورے کرنے کی وجہ سے دیر سے کرتے ہیں۔

انہوں نے والدین اور سرپرستوں کو تاکید کی کہ شادی کی رخصتی کرنے سے پہلے لڑکے اور لڑکی کو نکاح، ازدواجی زندگی اور سسرالی رشتہ کے شرعی احکام و آداب کی تعلیم ضرور پڑھایا کریں۔ اپنے سبق آموز اور اصلاحی کلام کے بعد انہوں نے خطبہ نکاح پڑھا، پھر ایجاب و قبول کرا دیا جس میں بشیر احمد خان ولد مرحوم عبدالرحیم خان ساکن مرجان پورہ نواکدل سرینگر کا نکاح روبینا شاہ صاحبہ دختر مرحوم نور محمد شاہ ساکنہ آثار کالونی حضرت بل سرینگر کے ساتھ پڑھا دیا۔ ناکح نے اپنے نکاح کا پورا مہر نکاح مجلس میں نقد ادا کر دیا۔ اس کے بعد دعا ہوئی۔ حاضرین مجلس میں کھجور اور کشمش تقسیم کی گئی، پھر سب کی خاطر تواضع قہوہ سے کی گئی۔ آخر پر حاضرین مجلس نے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے چیرمین فیاض احمد کو اتنی شاندار اور سنت کے مطابق نکاح مجلس منعقد کرنے پر مبارک باد پیش کی اور اُن کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اصلاح معاشرہ کے لئے اُن کا ہفتہ وار ریڈیو پروگرام: ہمسفر ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے، جس سے بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ مسجد مدینہ کی انتظامیہ نے کہا کہ آج کی یہ نکاح مجلس ان کی مسجد میں تیسری نکاح مجلس ہے جو ہمسفر سیل نے منعقد کی۔ نکاح مجلس میں ایشان احمد ڈار چھتہ بل، شائق احمد زرگر مغل محلّہ، شوکت احمد وانی چھتہ بل، محمد ذیشان دریش کدل، مصعب الدین چھتہ بل، محمد دانش ہارو، بلال احمد گورکو بمنہ، نذیر احمد شیخ نسیم باغ، عبدالقیوم خان نواکدل، مظفر احمد پوش وغیرہ۔

(Srinagar Times 27/03/2012)

# KASHMIR UZMA 27 MARCH 2012

## مسجد مدینہ نگین میں نکاح مجلس کا اِنعقاد

# ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کا بہت بہت شکریہ

سرینگر: مؤرخہ 25، مارچ اتوار 2012ء کو ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کی طرف سے مسجد مدینہ واقع مرزا باغ نیو کالونی نگین سرینگر میں ایک نکاح مجلس کا اِنعقاد کیا گیا۔ مجلس کا آغاز سہ پہر اڑھائی بجے 2:30 P.M. پر ہوا۔ اپنے خصوصی خطاب میں ہمسفر میریج کونسلنگ سیل سرینگر کے چیرمین جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے فرمایا کہ مسلمانوں کے نکاح اور شادیاں شریعت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام دینے کے لئے والدین اور نوجوانوں کو آمادہ کرنے میں جو کام ہمسفر میریج سیل انجام دے رہی ہیں، اس سے شادیوں میں اِسراف، دِکھاوا، بُری رسومات، فضول خرچی اور ناجائز لین دین کرنے میں بہت سے لوگ اب مکمل پرہیز کرنے لگے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے والدین بڑے ظالم ہیں جو اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں بُری رسومات اور دکھاوے کی تیاریاں کرنے کی وجہ سے بہت دیر سے کرتے ہیں۔ انہوں نے والدین اور سرپرستوں کو اس بات کی تاکید فرمائی کہ شادی کی رخصتی کرنے سے پہلے لڑکے اور لڑکی کو نکاح، ازدواجی زندگی اور سسرالی رشتہ کے شرعی احکام و آداب کی تعلیم ضرور پڑھوایا کریں۔ ورنہ سادہ شادی انجام دینے کی باوجود کل پھر میاں بیوی کے درمیان اور سسرالی رشتہ میں تنازعات اور لڑائی جھگڑے حتیٰ کہ طلاقیں پیش آجاتی ہیں۔ اپنے سبق آموز اور اصلاحی کلام کے بعد انہوں نے خطبۂ نکاح پڑھا، پھر ایجاب و قبول کرادیا جس میں جناب بشیر احمد خان صاحب ولد مرحوم عبدالرحیم خان صاحب ساکن مرجان پورہ نواکدل سرینگر کا نکاح محترمہ روبینا شاہ صاحبہ دختر مرحوم نور محمد شاہ صاحب ساکنہ آثار کالونی حضرت بل سرینگر کے ساتھ پڑھادیا۔ دولہا نے اپنے نکاح کا پورا مہر نکاح مجلس میں نقدادا کردیا۔ اس کے بعد دعا ہوئی۔ حاضرین مجلس میں کھجور اور کشمش تقسیم کی گئی، پھر سب کی خاطر تواضع قہوہ سے کی گئی۔ آخر پر حاضرین مجلس نے ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کے چیرمین جناب محترم فیاض احمد صاحب کو اتنی شاندار اور سنت کے مطابق نکاح مجلس منعقد کرنے پر مبارک باد پیش کی اور اُن کا بہت بہت شکریہ ادا کیا، اور کہا کہ اِصلاح معاشرہ کے لئے اُن کا ہفتہ وار ریڈیو پروگرام: ہمسفر، پرڈیوسر سلیم اعجاز کپرہ، جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے، اس سے سننے والوں کو بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ مسجد مدینہ کی انتظامیہ نے کہا کہ آج کی یہ نکاح مجلس ان کی مسجد میں ایسی تیسری نکاح مجلس ہیں جو ہمسفر میریج کونسلنگ سیل سرینگر کی طرف سے منعقد ہوئی۔

منجانب: ایشان احمد ڈار (چھتہ بل)، شائق احمد زرگر (مغل محلہ)، شوکت احمد وانی (چھتہ بل)، محمد ذیشان (دریش کدل)، مصعب الدین (چھتہ بل)، محمد دانش ہارو، بلال احمد گورکو (بمنہ)، نذیر احمد شیخ (نسیم باغ)، عبدالقیوم خان (نواکدل)، مظفر احمد پوش وغیرہ وغیرہ۔

Kashmir Uzma (27/03/2012)

# AFTAB 27 MARCH 2012

Aftab (27/03/2012)

# ہمسفر میرج سیل کے اہتمام سے مسجد مدینہ نگین میں مجلس نکاح

سرینگر/ایشان احمد ڈار(چھتہ بل)،شائق احمد زرگر(مغل محلّہ)،شوکت احمد وانی (چھتہ بل)،محمد ذیشان (دریش کدل)،مصعیب الدین (چھتہ بل)،محمد دانش ہارو، بلال احمد گورکو (بمنہ)،منذیر احمد شیخ (نسیم باغ)،عبدالقیوم خان (نوا کدل) اور مظفر احمد پوش کے ایک مشترکہ بیان کے مطابق 26، مارچ اتوار 2012ء کو ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک برائے سرینگر کی طرف سے مسجد مدینہ واقع مرزاباغ نیو کالونی نگین سرینگر میں ایک نکاح مجلس کا اِنعقاد کیا گیا۔ خصوصی خطاب میں ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے چیرمین محترم فیاض احمد زرو نے فرمایا کہ مسلمانوں کے نکاح اور شادیاں شریعت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام دینے کے لئے والدین اور نو جوانوں کو آمادہ کرنے میں جو کام ہمسفر میرج سیل انجام دے رہی ہیں، اس سے شادیوں میں اِسراف، دِکھاوا، بُری رسومات، فضول خرچی اور ناجائز لین دین کرنے میں بہت سے لوگ اب مکمل پرہیز کرنے لگے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے والدین بڑے ظالم ہیں جو اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں بُری رسومات اور دکھاوے کی تیاریاں کرنے کی وجہ سے بہت دیر سے کرتے ہیں۔ انہوں نے والدین اور سرپرستوں کو اس بات کی تاکید فرمائی کہ شادی کی رخصتی کرنے سے پہلے لڑکے اور لڑکی کو نکاح، ازدواجی زندگی اور سسرالی رشتہ کے شرعی احکام و آداب کی تعلیم ضرور پڑھوایا کریں۔ ورنہ سادہ شادی انجام دینے کی باوجود کل پھر میاں بیوی کے درمیان اور سسرالی رشتہ میں تنازعات اور لڑائی جھگڑے حتی کہ طلاقیں پیش آجاتی ہیں۔ اپنے سبق آموز اور اصلاحی کلام کے بعد انہوں نے خطبۂ نکاح پڑھا، پھر ایجاب وقبول کرادیا جس میں جناب بشیر احمد خان ولد مرحوم عبدالرحیم خان ساکن مرجان پورہ نوا کدل سرینگر کا نکاح روبینا شاہ دختر مرحوم نور محمد شاہ صاحب ساکنہ آثار کالونی حضرت بل سرینگر کے ساتھ پڑھادیا۔ ناکح نے اپنے نکاح کا پورا مہر نکاح مجلس میں نقد ادا کردیا۔ اس کے بعد دعا ہوئی۔ حاضرین مجلس میں کھجور اور کشمش تقسیم کی گئی، آخر پر حاضرین مجلس نے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے چیرمین فیاض احمد صاحب کو اتنی شاندار اور سنت کے مطابق نکاح مجلس منعقد کرنے پر مبارک باد پیش کی اور اُن کا شکریہ ادا کیا، اور کہا کہ اِصلاح معاشرہ کے لئے اُن کا ہفتہ وار ریڈیو پروگرام ہمسفر، پرڈیوسر سلیم اعجاز کپرہ، جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے، اس سے سننے والوں کو بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ مسجد مدینہ کی انتظامیہ نے کہا کہ آج کی یہ نکاح مجلس ان کی مسجد میں ایسی تیسری نکاح مجلس ہیں جو ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کی طرف سے منعقد ہوئی۔

**BULAND KASHMIR 27 MARCH 2012**

Buland Kashmir (27/03/2012)

# مسجد مدینہ نگین میں نکاح مجلس کا اِنعقاد

## ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کا بہت بہت شکریہ

سرینگر: مؤرخہ 26، مارچ اتوار 2012ء کو ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کی طرف سے مسجد مدینہ واقع مرزا باغ نیو کالونی نگین سرینگر میں ایک نکاح مجلس کا اِنعقاد کیا گیا۔ مجلس کا آغاز سہ پہر اڑھائی بجے P.M 2:30 پر ہوا۔ اپنے خصوصی خطاب میں ہمسفر میریج کونسلنگ سیل سرینگر کے چیرمین جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے فرمایا کہ مسلمانوں کے نکاح اور شادیاں شریعت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام دینے کے لئے والدین اور نوجوانوں کو آمادہ کرنے میں جو کام ہمسفر میریج سیل انجام دے رہی ہیں، اس سے شادیوں میں اِسراف، دِکھاوا، بُری رسومات، فضول خرچی اور ناجائز لین دین کرنے میں بہت سے لوگ اب مکمل پرہیز کرنے لگے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے والدین بڑے ظالم ہیں جو اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں بُری رسومات اور دکھاوے کی تیاریاں کرنے کی وجہ سے، بہت دیر سے کرتے ہیں۔ انہوں نے والدین اور سرپرستوں کو اس بات کی تاکید فرمائی کہ شادی کی رخصتی کرنے سے پہلے لڑکے اور لڑکی کو نکاح، ازدواجی زندگی اور سسرالی رشتہ کے شرعی احکام وآداب کی تعلیم ضرور پڑھوایا کریں۔ ورنہ سادہ شادی انجام دینے کی باوجود کل پھر میاں بیوی کے درمیان اور سسرالی رشتہ میں تنازعات اور لڑائی جھگڑے حتیٰ کہ طلاقیں پیش آ جاتی ہیں۔

اپنے سبق آموز اور اصلاحی کلام کے بعد انہوں نے خطبۂ نکاح پڑھا، پھر ایجاب وقبول کرادیا جس میں جناب بشیر احمد خان صاحب ولد مرحوم عبدالرحیم خان صاحب ساکن مرجان پورہ نواکدل سرینگر کا نکاح محترمہ روبینا شاہ صاحبہ دختر مرحوم نور محمد شاہ صاحب ساکنہ آثار کالونی حضرت بل سرینگر کے ساتھ پڑھادیا۔ ناکح نے اپنے نکاح کا پورا مہر نکاح مجلس میں نقد ادا کردیا۔ اس کے بعد دعا ہوئی۔ حاضرین مجلس میں کھجور اور کشمش تقسیم کی گئی، پھر سب کی خاطر تواضع قہوہ سے کی گئی۔ آخر پر حاضرین مجلس نے ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کے چیرمین جناب محترم فیاض احمد صاحب کو اتنی شاندار اور سنت کے مطابق نکاح مجلس منعقد کرنے پر مبارک باد پیش کی اور اُن کا بہت بہت شکریہ ادا کیا، اور کہا کہ اِصلاح معاشرہ کے لئے اُن کا ہفتہ وار ریڈیو پروگرام: ہمسفر، پرڈیوسر سلیم اعجاز کیرہ، جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے، اس سے سننے والوں کو بہت فائدہ ہو رہا ہے۔ مسجد مدینہ کی انتظامیہ نے کہا کہ آج کی یہ نکاح مجلس ان کی مسجد میں ایسی تیسری نکاح مجلس ہیں جو ہمسفر میریج کونسلنگ سیل سرینگر کی طرف سے منعقد ہوئی۔

**منجانب:** ایشان احمد ڈار (چھتہ بل)، شائق احمد زرگر (مغل محلہ)، شوکت احمد وانی (چھتہ بل)، محمد ذیشان (دریش کدل)، مصعب الدین (چھتہ بل)، محمد دانش ہارو، بلال احمد گورکو (بمنہ)، نذیر احمد شیخ (نسیم باغ)، عبدالقیوم خان (نواکدل)، مظفر احمد پوش وغیرہ وغیرہ۔

R.No. 623

# GREATER KASHMIR 28 MARCH 2012

# ہمسفر کاریڈیو پروگرام سماج کے لئے بہت مفید ہے

## پروگرام کی ہر قسط سبق آموز اور دلچسپ ہوتی ہے

مؤرخہ 23 مارچ جمعہ 2012ء کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے ہفتہ وار مقبول عام پروگرام: ہمسفر کی جو تازہ قسط صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوئی جس میں ایک نئے شادی شدہ جوڑے (فیروز احمد کمار اور شائستہ مجید) کا انٹرویو شامل تھا۔ اُس سے ثابت ہوتا ہے کہ واقعی ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کا ادارہ کشمیری قوم کے نوجوانوں کو بے ہودہ رسومات، جہیز کا مطالبہ اور فضول خرچی جیسے غلط اور حرام کاموں سے پرہیز کرانے میں کامیاب سے کامیاب تر ہورہا ہے۔ اور اُن کے والدین کو سادہ طریقہ پر شادیاں انجام دینے پر آمادہ کرنے میں بہت کامیابی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمسفر ادارے کو مزید ترقیات سے نوازے، اور اس کے اصلاحی کام کو شرف قبولیت سے نوازے۔

ہمسفر کا ریڈیو پروگرام ہمارے سماج کے لئے بے حد مفید ہے۔ اس پروگرام کی ہر قسط سبق آموز اور کافی دلچسپ ہوتی ہے۔ یہ پروگرام ہر سننے والے کو غور و فکر کرنے کی دعوت دیتا ہے۔ اس پروگرام کے روح رواں واجب الاحترام جناب فیاض احمد زرو صاحب کی باتوں میں روحانی تاثیر پائی جاتی ہے۔ اس پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپرہ صاحب اور میزبان جناب رشید نظامی صاحب قابل مبارک باد ہیں کہ کشمیری سماج کے لئے اتنا مفید پروگرام تیار کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو جزائے خیر عطا کرے۔

Greater Kashmir
20/03/2012

**منجانب: طارق احمد خان مرزا باغ نیو کالونی نگین سرینگر**

**AFTAB 28 MARCH 2012**

# ہمسفر کا ریڈیو پروگرام سماج کے لئے بہت مفید ہے

## پروگرام کی ہر قسط سبق آموز اور دلچسپ ہوتی ہے

طارق احمد خان مرزاباغ نیوکالونی نگین سرینگر کے بیان کے مطابق مؤرخہ 23 مارچ جمعہ 2012ء کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے ہفتہ وار مقبول عام پروگرام :ہمسفر کی جو تازہ قسط صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوئی جس میں ایک نئے شادی شدہ جوڑے (فیروز احمد کمار اور شائستہ مجید) کا اِنٹرویو شامل تھا۔ اُس سے ثابت ہوتا ہے کہ واقعی ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کا اِدارہ کشمیری قوم کے نوجوانوں کو بے ہودہ رسومات، جہیز کا مطالبہ اور فضول خرچی جیسے غلط اور حرام کاموں سے پرہیز کرانے میں کامیاب سے کامیاب تر ہو رہا ہے۔ اور اُن کے والدین کو سادہ طریقہ پر شادیاں انجام دینے پر آمادہ کرنے میں بہت کامیابی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے ۔اللہ تعالیٰ ہمسفر ادارے کو مزید ترقیات سے نوازے، اور اس کے اصلاحی کام کو شرف قبولیت سے نوازے۔ ہمسفر کا ریڈیو پروگرام ہمارے سماج کے لئے بے حد مفید ہے۔ اس پروگرام کی ہر قسط سبق آموز اور کافی دلچسپ ہوتی ہے۔ یہ پروگرام ہر سننے والے کو غور و فکر کرنے کی دعوت دیتا ہے۔ اس پروگرام کے روح رواں واجب الاحترام جناب فیاض احمد زرو صاحب کی باتوں میں روحانی تاثیر پائی جاتی ہے۔ اس پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپرہ صاحب اور میزبان جناب رشید نظامی صاحب قابل مبارک باد ہیں کہ کشمیری سماج کے لئے اتنا مفید پروگرام تیار کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو جزائے خیر عطا کرے۔

Aftab (28/03/2012)